غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

دسمبر 2006ء　　شمارہ نمبر 20　　زیرنگرانی: شعبہ ریسورس موبلائزیشن

66ایف ماڈل ٹاؤن لاہور فون: 042-5882939,5850966　　Visit us: www.get.org.pk　　E-mail: info@get.org.pk

## قرآن پاک

اے نبی ﷺ آپ پوچھئے کہ کبھی برابر ہو سکتے ہیں علم والے اور جاہل البتہ صرف عقل مند ہی نصیحت قبول کرتے ہیں۔ (الزمر ۳۹۔۹)

## حدیث نبوی ﷺ

آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب انسان مرجاتا ہے۔ تو اس کے عمل (کا ثواب) کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے۔ مگر تین کاموں کا ثواب برابر جاری رہتا ہے۔ اول صدقہ جاریہ، دوم علم جس سے نفع حاصل کیا جائے، سوئم اولاد صالح جو مرنے کے بعد اس کے لئے دعا کرتی ہے۔ (مسلم)

## حرف آغاز

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ تعلیم کے ذریعے نئی نسل کو ایک بہتر اور روشن مستقبل دینے کے لئے سرگرم عمل ہے۔ گیارہ سال کے قلیل عرصے میں اس ادارے کی پیش رفت اور کامیابیوں نے ایسے افراد کو اپنی طرف متوجہ کرلیا ہے جو کسی قابل اعتماد، ہمہ پہلو اور مسلسل کام کرنے والے ادارے کی تلاش میں تھے۔ ٹرسٹ اس وقت دیہی شعبے میں تعلیمی کام کرنے والا پاکستان کا سب سے بڑا رجسٹرڈ ادارہ (NGO) ہے۔ جس کے تحت پانچ ڈگری کالجز برائے خواتین اور 267 کے لگ بھگ پرائمری، مڈل اور سیکنڈری سکولز ملک بھر کے 28 اضلاع میں قائم کئے جا چکے ہیں جہاں 27000 سے زائد طلباء وطالبات زیر تعلیم ہیں۔ 1400 کے لگ بھگ مرد وخواتین اساتذہ ان گمنام اور دور دراز بستیوں میں پورے عزم اور پیشہ وارانہ لگن کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ اور رفتہ رفتہ ایسے ہمدرد، مخلص لوگ ہمیں مل رہے ہیں جو کسی بھی نمود ونمائش کے بغیر ان پسماندہ علاقوں میں معیاری سکولز بلڈنگ (Purpose- Build Compuses) تعمیر کروا رہے ہیں۔ اگر یہ کام کسی فرد کی ذات اور دنیاوی مفاد کے لئے کیا جاتا تو شاید ہمیں یقیناً اس میں وہ برکت، تسلسل اور کامیابی نہ ملتی۔ جو اب ہمیں اور اس کام میں بے لوث تعاون کرنے والے افراد (Philanthropists) کو حاصل ہے اس لئے جہاں ایک طرف ہمیں آگے بڑھنے کے لئے راستے مل رہے ہیں وہاں دوسری طرف ہمیں خطیر وسائل درکار ہیں تا کہ نہ صرف اس کام کو بڑھایا جا سکے بلکہ پہلے سے قائم شدہ منصوبوں کو استحکام اور گہرائی (Depth) دی جا سکے۔ ہمارا وژن یہ ہے کہ کم از کم تعلیم کے معاملے میں وطن عزیز کی ٪70 دیہی آبادی کسی محرومی اور مظلومیت کا شکار نہ ٹھہرے اور انہیں ایسی تعلیم ملے جو ان کی دسترس میں ہو، رائج قومی وبین الاقوامی معیار کے مطابق ہو اور انہیں معاشرے کا دیانتدار اور ہنر مند شہری بنائے اس سارے کام کو کرنے کے لئے ہم نے ہر اس فرد کو صدا دینے کا فیصلہ کیا ہے جو اپنے ملک سے محبت کرتا ہے، اس کے لئے کچھ کرنا چاہتا ہے اور کسی ایسے منصوبے، ادارے اور لوگوں کی تلاش میں ہے جو اس کے خوابوں کو تعبیر دینے میں اس کی مدد کریں۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ آپ کو اس فلاحی، تعلیمی منصوبے میں معاون ومددگار بننے کی دعوت دیتا ہے۔ یہ ادارہ آپ کا ہے ہماری خواہش ہے کہ آپ آگے بڑھ کر اسے سنبھالیں، ہماری رہنمائی فرمائیں اور محروم آبادیوں میں آس، امید اور امداد باہمی کے دیے روشن کریں۔

سید وقاص جعفری
صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مرکزی دفتر میں امیر جماعت اسلامی قاضی حسین احمد افطار ڈنر کے شرکاء سے مخاطب ہیں سٹیج پر اظہر اقبال حسن اور عامر محمود چیمہ بیٹھے ہیں۔




غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز کے طلبہ وطالبات کے لیے غزالی ایکسیلنس کی ایوارڈ کی تقریب میں وزیر تعلیم میاں عمران مسعود خطاب کر رہے ہیں۔

## بین الاقوامی وفود کی مرکز آمد

اکنا ریلیف کینڈا کے ایگز یکٹو ڈائریکٹر فضل الرحمٰن نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مرکز کا دورہ کیا۔ آپ نے ٹرسٹ کے صدر سید وقاص جعفری سے خصوصی ملاقات کی شیخ افتخار احمد نے مہمان کو غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا سید وقاص جعفری نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو اکنا ریلیف سے ملنے والے تعاون پر شکریہ ادا کیا۔

سوڈان سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹرز کی ٹیم نے ڈاکٹر عبد الرحمٰن کی قیادت میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مرکزی کا دفتر کا دورہ کیا آپ کو ٹرسٹ کی اب تک کی کارکردگی پر مشتمل دستاویزی فلم کے ذریعے محمد مشتاق مانگٹ نے تفصیلی برفینگ دی ٹرسٹ کے صدر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ نے وفد کو مرکز آمد پر خوش آمدید کہا۔ ڈاکٹر عبد الرحمٰن نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں کو سراہا۔

ہلپنگ ہنیڈ امریکہ کے کوارڈینٹر شاہد حیات نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سید وقاص جعفری، مینجر پریپ شہید الحق اور مینجر شیخ افتخار احمد نے آپ سے ملاقات کی اور ان کو تمام شعبہ جات کا دورہ کروایا۔ آپ نے شعبہ تحقیق و ترقی میں خصوصی دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نصاب کی تشکیل میں اسلامی اقدار اور مذہبی واخلاقی رجحان کو مدنظر رکھتا ہے جو ایک منفرد اور خوش آئند پہلو ہے انشاء اللہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے انہی اقدام کی وجہ سے نونہالان وطن کامیاب و کامراں ہونگے۔ اور ملک عزیز کی ترقی اہم کردار ادا کریں گے۔

خانہ فرہنگ ایران کے ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈاکٹر کاشف محمود نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا آپ کو مینجیر شیخ افتخار احمد نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی کارگردگی اور دائرہ کار کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا ڈاکٹر کاشف محمود نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ساتھ ہر سطح پر تعاون کرنے کا یقین دلایا اور کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ پاکستان کے پسماندہ علاقوں میں علم کا نور عام کرنے کی جدوجہد میں ہمیں اپنے ساتھ پائے گا۔

پاکستان فاؤنڈیشن برطانیہ کے صدر ظفر اقبال اور ٹرسٹی دلاور بھٹی نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا وزٹ کیا، شیخ افتخار نے ان کو تفصیلی بریفنگ دی بعد اذاں انہوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول کماہاں کا دورہ بھی کیا۔

### غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر انتظام تین روزہ پری پوسٹنگ تربیتی ورکشاپ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیرانتظام تین روزہ پری پوسٹنگ تربیتی ورکشاپ کا اہتمام گزشتہ دنوں لاہور میں کیا گیا جس میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ نے اپنے ابتدائی خطاب میں ٹرسٹ کے مقاصد اسکا نظام تربیت، سکولز کی مینجمنٹ اور نصاب تعلیم پر روشنی ڈالی۔ ورکشاپ میں ملک کے طول وعرض سے 250 اساتذہ نے شرکت کی۔

اس تین روزہ ورکشاپ میں قرآن کا تصور علم، Early childhood education, معیاری سکول کے لوازمات، کمرہ جماعت کا نظم وضبط، سورہ فاتحہ کی روشنی میں مومنین کی صفات، غزالی کے معلم سے معاشرے کی توقعات، Community participation, معلم بطور قائد، سکول کا اسلامی ماحول، قرآنی تعلیمات کی روشنی میں تعلیم کی اہمیت، حضورﷺ بحثیت معلم، بچے کی نفسیات، Record keeping and performance, جیسے موضوعات پر مولانا فاروق احمد، شاہد وارثی، محمد آصف وسیم، عامر شہزاد، میاں مقصود احمد، سید وقاص جعفری، پروفیسر محمد مشتاق مانگٹ، شفیق احمد، شہید الحق ظفر، پروفیسر وقار علی کاری، ڈاکٹر شبیر احمد منصوری، ڈاکٹر رضوان اکرم رانا، پروفیسر طارق چوہدری نے لیکچرز دیے۔

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے صدر سید وقاص جعفری نے غزالی کے معلم سے معاشرے کی توقعات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج کا اسلامی معاشرہ چاہتا کہ ان کے بچے جدید اور قدیم علوم سے بہرہ ور ہوں۔ تاکہ وہ معاشرے کے اچھے شہری ثابت ہوں بلکہ اسلامی معاشرے کی راہنمائی کریں۔ یہی وجہ ہے کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر انتظام چلنے والے سکولز و کالجز میں اعلی اور معیاری سلیبس کے ساتھ ساتھ انکی سیرت و کردار پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ یہ تب ممکن ہے جب اساتذہ کو جدید طریقہ تدریس سے آشنائی ہو۔ یہ ورکشاپ انہی مقاصد کو ذہن میں رکھتے ہوئے منعقد کی گئی ہے۔

محمد مشتاق مانگٹ نے کہا کوئی بھی تحریک، ادارہ یا ٹرسٹ اپنے مقاصد کو پایہ تکمیل تک نہیں پہنچا سکتا جب تک اسے معاشرے کے کثیر حصے کا تعاون میسر نہ ہو۔ الحمدللہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا معاشرے نے ساتھ دیا ہے۔ اور ہم نے بھرپور کوشش کی کہ معاشرے کی توقعات پر پورا اتریں۔ یہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور کمیونٹی کے تعاون کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ آج ٹرسٹ کے زیرانتظام چلنے والے سکولز اور کالجز میں 27000 سے زائد طلباء و طالبات علوم عصریہ سے مستفیذ ہو رہے ہیں۔ 1400 سے زائد علم دوست اساتذہ کرام انکی تعلیم و تربیت کر رہے ہیں۔

تربیتی ورکشاپ میں میاں مقصود احمد سابق سینئر نائب صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے خصوصی شرکت کی اور ٹرسٹ کی کاوشوں کو سراہا۔ آپ نے تربیتی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب بھی کیا۔

### جنت الفردوس اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی مشترکہ سرگرمیاں

جنت الفردوس ٹرسٹ کی بانی صدر میڈم شمیم نے چک نمبر 81 جنوبی سرگودھا میں سکول کا وزٹ کیا اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تعلیمی خدمات کی تعریف کی انہوں نے سکول کے اساتذہ اور بچوں سے گفتگو کی اور سکول کی نئی عمارت کو سراہا، ایگزیکٹو ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ صاحب اور وقار احمد گوندل ریجنل مینجر سرگودھا کے ہمراہ چک 45 جنوبی میں سکول کی تقریب میں شرکت کی یتیم اور نادار بچیوں میں جہیز کا سامان تقسیم کیا اور سکول کی اعانت کے لئے تعاون کا یقین دلایا اور سکول کی بلڈنگ بنوانے کا وعدہ کیا۔

جنت الفردوس کی ڈائریکٹر میڈم شمیم محمود کے تعاون سے زلزلہ زدہ علاقوں میں واقع گاؤں بانیاں اور بٹ گراں میں اڑھائی لاکھ روپے پر مشتمل امداد جن میں عید گفٹس اور غریب بچوں کو یونیفارم، سکول بیگز، اور مستحق فیملیز کو نقد رقوم تقسیم کرنے کے لیے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ڈسٹرکٹ مینجیر گوجرانوالا اور پروگرام آفیسر پریپ ندیم اشرف باجوہ صاحب نے متعلقہ علاقوں کا دورہ کیا۔

## منیجر پریپ، ڈائریکٹر LACD اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر کا دورہ شمالی علاقہ جات

17 سے 19 نومبر 2006ء کو منیجر پریپ شہید الحق ظفر، ڈائریکٹر (LACD) جمشید علی خان اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ عامر محمود چیمہ پر مشتمل وفد نے زلزلہ زدہ علاقوں میں قائم غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سکولز کا دورہ کیا۔ آپ نے سکولز کے پرنسپلز کے ساتھ میٹنگز کیں سکولز کی ضروریات کو چیک کیا اور تعلیمی معیار کو جانچا اور طلبہ وطالبات سے ملاقات کی ان میں سکولز بیگز تقسیم کیے آپ نے متاثرہ علاقوں میں قائم سکولز کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ جن سکولز کا دورہ کیا ہے ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول برارکوٹ
- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول بسیاں
- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول بانیاں
- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول شنکیاری
- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول بٹ کرڑ
- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول حصّہ
- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول بٹل

## نئے سکولز اور ڈگری کالج برائے خواتین کا قیام

غزالی ڈگری کالج برائے خواتین NWFP ضلع مردان میں قائم کیا گیا ہے۔

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز کا نیٹ ورک مزید وسیع ہوتا جارہا ہے تین نئے سکولز قائم کیے گئے ہیں جن کے بارے ڈسٹرکٹ مینجر، ریجنل مینجرز نے متعلقہ علاقوں کے ابتدائی سروے کیے مقامی لوگوں سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے حوالے سے تعارفی نشستیں ہوئیں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی منظوری کے بعد ان سکولز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے سکولز کی افتتاحی تقریبات میں معززین علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔ نئے سکولز مندرجہ ذیل علاقوں میں قائم کیے گئے ہیں۔

- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول گھمن والا ضلع گوجرانوالا
- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول اڈہ چھب کلاں ضلع خانیوال
- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول حصّہ NWFP

ان سکولز اور غزالی ڈگری کالج برائے خواتین کے قیام کے بعد غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر انتظام چلنے والے سکولز کی تعداد 267 اور غزالی ڈگری کالج برائے خواتین کی تعداد 5 ہوگئی ہے۔

## شعبہ حصول اراضی وتعمیرات (LACD)

- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول الہٰ آباد ضلع سرگودھا میں پروفیسر مشتاق احمد مانگٹ کی خصوصی کاوش سے ایک کنال دس مرلہ زمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے نام منتقل ہوگئی ہے۔
- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول محمود والا ضلع بھکر کمیونٹی کے تعاون سے تعمیر کے آخری مرحلے میں ہے۔
- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول ہردیو کی تعمیرات جاری ہیں۔
- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول 289JB ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں عامر محمود چیمہ کے تعاون سے دو کمروں کی تعمیر جاری ہے۔

## نئے تقرر و تبادلے

- رضوان فاروق کو ڈسٹرکٹ منیجر ضلع بہاولپور مقرر کیا گیا ہے۔
- مظہر الرحمٰن گجر کو ضلع ملتان اور ضلع مظفر گڑھ کا منیجر مقرر کیا گیا ہے۔
- محمد اسلم خان کو پرنسپل سے ترقی دے کر ضلع میانوالی اور ضلع بھکر کا منیجر مقرر کیا گیا ہے
- عباس علی شاہ کو ضلع گجرات شمالی اور ضلع جہلم کا منیجر مقرر کیا گیا ہے۔
- محمد وکیل الدین کو بطور میڈیا انچارج تعینات کیا گیا ہے۔

**تبادلہ:۔**

- (LACD) کے پروگرام آفیسر محمد سیف کا تبادلہ پریپ میں بطور پروگرام آفیسر کردیا گیا ہے۔
- SAP کے غلام مصطفیٰ احمدانی کو پروگرام آفیسر شعبہ تحقیق وترقی نامزد کیا گیا ہے۔

---

- **غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول سسٹم محمود والا میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات** کا اہتمام کیا گیا ۔ تقریب کے مہمان خصوصی تحصیل ناظم کلور کوٹ عبدالجبار خاں صاحب نے ضلع بھکر میں پنجم کے امتحانات میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طالبعلم کو ایوارڈ دیا۔ وقار احمد گوندل صاحب نے بچے کو خراج تحسین پیش کیا اور سکول کے پرنسپل محمد اسلم خاں اور کلاس پنجم کے انچارج محمد حسن محسن کو ٹرسٹ کی طرف سے 8000 روپے انعام دینے کا اعلان۔

---

- **غزالی سکول سسٹم 81 جنوبی کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات میں ڈسٹرکٹ** مینجر مرزا فاروق حیدر کے ساتھ سابق بانی ڈسٹرکٹ مینجر محمد آصف مجاہد نے شرکت کی مہمان خصوصی معروف سیاسی وسماجی شخصیت ڈاکٹر ارشد شاہد تھے۔ تقریب کی خاص بات یہ تھی کہ اس میں لوگوں نے ریکارڈ عطیات دیے جس کی تفصیل یہ ہے۔

- سکول کیلیے فون
- میٹھے پانی کا کنکشن
- کمپیوٹر
- دو عدد پنکھے

یاد رہے کہ یہ گاؤں عمارت کے لئے زمین پہلے ہی عطیے میں دے چکا ہے جبکہ کھیل کے میدان کے لیے مزید اراضی کی بات چیت بھی جاری ہے۔

---

- **غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر انتظام ملک میں چلنے والے سکولز و کالجز میں جشن آزادی اور علامہ اقبال ڈے کو** شایان شان طریقے سے منانے کے لیے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا جن میں معززین علاقہ، سیاسی زعماء، مقامی علمائے کرام اور طلباء وطالبات کے والدین نے بھرپور شرکت کی۔ بچے بچیوں نے جشن آزادی کے حوالے سے تقاریر اور تحریک کے پس منظر میں خاکے پیش کیے۔ علامہ اقبال ڈے کے حوالے سے مفکر پاکستان کی شاعری کو ترنم سے پڑھا گیا اور علامہ کے اس مصرع

"امت پہ تری آ کہ عجب وقت پڑا ہے"

کو موضوع بناتے ہوئے طلباء وطالبات نے امہ کو درپیش مسائل پر تقاریر کیں۔ مہمان مقررین اور شرکاء نے بچوں کے جذبہ حب الوطنی کو سراہا اور کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ایسے پروگراموں کے ذریعے نئی نسل کو فکر اقبال اور نظریہ پاکستان سے روشناس کروا کر ان کے دلوں میں جذبہ، لگن اور آگے بڑھنے کے لیے امید کی شمع روشن کئے ہوئے ہے۔

---

**یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی کے سکول آف اکنامکس کے ڈین ڈاکٹر تاشفین محمود** نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر انتظام زلزلہ زدہ علاقوں میں قائم سکولز کے بچوں کے لئے بیگز دیے اس کے لئے یونیورسٹی میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ اور شیخ افتخار احمد نے سکول بیگز وصول کئے اور ڈاکٹر صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر تاشفین محمود نے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ مادیت پرستی کے اس دور میں تعلیمی جہاد کرکے وطن کے بچوں کا مستقبل محفوظ کررہا ہے۔ اور ہم آئندہ بھی تعاون جاری رکھیں گے۔

# غزالی ایکسیلنس ایوارڈ 2006ء

## زیرِاہتمام روزنامہ جنگ اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

رپورٹ
محمد وکیل الدین

علم کا مطلب جاننا اور اس علم کو جاننے کے بعد اپنے انداز سے استعمال کرنے کو فن کہتے ہیں قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے (ترجمہ کہ پڑھ اپنے رب کے نام سے یعنی علم پروردگار عالم کی وہ دین ہے جو انسان کو ڈائریکٹ ملتی ہے) قرآن کریم میں ایک دوسری جگہ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ترجمہ ( کہ اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ علم و حکمت کو تلاش کرو۔ یہ عطیہ خداوندی ہے جسے جتنا بانٹو اتنا ہی بڑھتا چلا جاتا ہے ) حدیث نبوی ﷺ ہے کہ ماں کی گود سے لے کر قبر کی دیواروں تک علم حاصل کرو۔ چاہے تمھیں چین جانا پڑے۔ الغرض علم حاصل کرنا عین عبادت ہے اس دینا میں علم اور صاحب علم کو فضلیت ہے اور کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ نے انسان کو تخلیق کرتے ہوئے حصول علم اس کی فطرت میں ڈال دیا تا کہ وہ اس کی کائنات کو ازل سے لے کر ابد تک مسخر کر سکے اور جب اللہ تعالیٰ کسی کو کسی کام کے لیے مختص کرتا ہے وہ اس کی قدم قدم پر رہنمائی کرتا ہے یہی وہ نقطہ نظر ہے جسے مدنظر رکھتے ہوئے روزنامہ جنگ کلچرل ونگ اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تعاون سے چلڈرن کمپلیکس میں غزالی ایکسیلنس ایوارڈ 2006ء کا انعقاد کیا گیا پروگرام کی صدارت اشتیاق احمد گوندل صاحب نے کی، مہمان خصوصی عمران مسعود (وزیر تعلیم پنجاب) تھے۔ پروگرام میں 267 سکولز اور 4 خواتین کالجز میں زیر تعلیم نمایاں طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔ جبکہ دیگر مہمانان گرامی میں چوہدری محمد شوکت (ایم پی اے)، پروفیسر ذوالفقار احمد بورا ہیلے کالج، پروفیسر ملک احمد شیر اعوان پنجاب یونیورسٹی، محمد یاب سین خان ایگزیکٹو ڈائریکٹر دار ارقم سکولز، جمشید علی خان ڈائریکٹر (LACD) نے شرکت کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت اعتزاز الحسن ضلع ننکانہ نے حاصل کی جبکہ حضرت محمد ﷺ کے حضور نذرانہ عقیدت کے پھول نچھاور کرنے کی سعادت محمد اویس ضلع سرگودھا نے حاصل کی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ نے وزیر تعلیم عمران مسعود اور اشتیاق احمد گوندل کو سٹیج پر بلایا۔ محمد مشتاق احمد مانگٹ صاحب نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی کارکردگی کے بارے حاضرین کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہونہار طلبہ و طالبات کی کامیابی کے پیچھے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے محنتی جذبہ خدمت سے سرشار اساتذہ کا کردار ہے۔ جو کہ بچوں کو نہ صرف نصابی تعلیم دیتے ہیں بلکہ ان کے سیرت و کردار مذہبی و اخلاقی راہنمائی بھی کرتے ہیں۔ اور اساتذہ کو بچوں کی نفسیات کو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھانے کے طریقہ کار کے بارے ٹریننگ دینے کے لیے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اساتذہ کے لیے وقتاً فوقتاً تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کرتا رہتا ہے۔



غزالی ایکسیلنس ایوارڈ حاصل کرنے والے طلباء، وطالبات کا وزیر تعلیم عمران مسعود، ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل، جمشید علی خان، عامر محمود چیمہ، چوہدری شوکت اور خالد عبدالرحمٰن کے ساتھ گروپ فوٹو

خالد عبدالرحمٰن نے اپنے بیان میں کہا ماضی میں تعلیم کسی بھی حکومت کی اولین ترجیح نہیں رہی کیونکہ اس کا رزلٹ دس سال بعد ملنا شروع ہوتا ہے اور حکومت کی مدت 5 سال ہوتی ہے جبکہ موجودہ حکومت کی اچھی اور معیاری اصلاحات کا رزلٹ 5 سال ہی میں شروع ہو گیا ہے۔ وزیر تعلیم نے کہا بے شک یہ حکومت کا کام ہے انشاء اللہ آپ مستقبل قریب میں دیکھیں گے کہ آج کے بچے ملک کے انجینئر ڈاکٹر ریفارمز اور ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنے والے اور امت مسلمہ کی راہنمائی کرنے والے اشخاص ہوں گے۔ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل صاحب نے اپنے صدراتی خطاب میں مہمانوں کا شکریہ ادا کیا خاص طور پر وزیر تعلیم کا کہ وہ اپنی گونا گوں مصروفیات کے باوجود پروگرام میں تشریف لائے۔ اور ٹرسٹ کے زیر انتظام چلنے والے سکولز و کالجز کے طلبہ و طالبات کو انعامات دئے جن سے بچوں کی حوصلہ افزائی ہوئی۔

## غزالی کالجز کی تقریبات

غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں فیڈرل بورڈ کے حالیہ امتحانات میں بہترین کارکردگی دکھانے والی طالبات کے اعزاز میں تقریب منعقد کی گئی مہمان خصوصی غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے چیئرمین اور ممبر قومی اسمبلی لیاقت بلوچ تھے۔ انہوں نے کہا تعلیم اس ملک کا سب سے بڑا مسلہ ہے اور آج بھی شرح خواندگی شرمناک حد تک کم ہے۔ پاکستان ایک اسلامی نظریاتی مملکت ہے لیکن ایک منظّم سازش کے ذریعے روشن خیالی اور اعتدال پسندی کا نعرہ دیکر ملک کو سیکولر بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے اور نصاب تعلیم میں تبدیلی بیرونی آقاؤں کو خوش کرنے کے لئے کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا ہم ہر اس سازش کو ناکام بنائیں گیں جو ملک کے اسلامی تشخص کو نقصان پہنچائے۔ ان حالات میں غزالی کالج کا کردار قابل تحسین ہے۔ کالج کی طالبات نہ صرف بورڈ کے امتحانات میں کامیابیاں حاصل کی بلکہ قرآن و سنت کے فہم کی بنیاد پر ہر میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ آپ نے تمام کامیاب ہونے والی طالبات کو مبارکباد دی اور طالبات اور اساتذہ میں انعامات تقسیم کیے۔ کالج کے ڈائریکٹر عبدالسلام نے بھی خطاب کیا۔

◀ غزالی ڈگری کالج برائے خواتین لاہور میں (یوم دفاع) کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد کی گئی طالبات نے تقریر اور ترانے پیش کر کے وطن سے اپنی محبت کا اظہار کیا، سنئیر پرنسپل غزالی کالجز مسز میمونہ احمد صاحبہ نے طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کا دفاع دین اسلام کے ساتھ وابستہ ہے یہ طلبہ و طالبات کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے وطن کی اصل شناخت کو برقرار رکھیں۔

◀ پنجاب یونیورسٹی (بی اے۔ بی ایس سی) کے سالانہ نتائج 2006ء میں غزالی ڈگری کالج برائے خواتین لاہور 100٪ زرلٹ کے ساتھ پورے پنجاب میں اول رہا۔ یادرہے کہ محکمہ تعلیم حکومت پنجاب کے مطابق پنجاب بھر سے صرف تین کالجز نے بی اے/بی ایس سی کے امتحانات میں 100% کامیابی حاصل کی ہے۔ یہ شاندار کامیابی یقیناً اللہ کے فضل و کرم کا نتیجہ ہے۔

# غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر اہتمام


## سالانہ افطار ڈنر 2006

رپورٹ: محمد وکیل الدین

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر انتظام سالانہ افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ مہمان خصوصی امیر جماعت اسلامی صدر متحدہ مجلس عمل قاضی حسین احمد صاحب تھے 200 سے زائد غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ممبران اور مہمانوں نے شرکت کی سید وقاص جعفری نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا تعارف کراتے ہوئے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے کونپل سے سایہ دار درخت تک کا سفر صرف گیارہ سالوں میں طے کیا۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے اپنے آغاز 1995ء سے لیکر 2006ء تک کمیونٹی کے تعاون اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مخلص کارکنان کی بدولت آج پاکستان کے پسماندہ دیہی علاقوں میں سب سے بڑی غیر سرکاری غیر سیاسی غیر تجارتی تحریک بن چکا ہے۔

**امیر جماعت اسلامی صدر متحدہ مجلس عمل قاضی حسین احمد صاحب نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی لائف ممبر شپ بھی لی۔**

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے پیش نظر ایک ایسی تعلیم کا فروغ ہے جس کی بنیاد ایمان اور عقیدے سے اٹھائی جائے اور جو اخلاق و کردار کی عظمت، بلندی اور مظبوطی سے عبارت ہو۔ ہمارا مشن ”با مقصد تعلیم کے ذریعے بہتر سماج کی دریافت“ ہے۔ آج غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر انتظام چلنے والے سکولز و کالجز میں پڑھنے والے بچے بچیاں نہ صرف تعلیمی میدان میں بہترین کارکردگی دکھا رہے ہیں بلکہ ان کے سیرت و کردار میں نمایاں تبدیلیاں محسوس کی جا سکتی ہیں



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے مرکزی دفتر میں افطار ڈنر کے شرکاء کے ساتھ قاضی حسین احمد صاحب تشریف فرما ہیں۔ ان کے ساتھ سید وقاص جعفری اور اظہر حسن اقبال نمایاں ہیں۔

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اساتذہ کو جدید طریقہ ہائے تدریس اور بچوں کی نفسیات کو سمجھنے کے لیے وقتاً فوقتاً تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کرتا رہتا ہے۔ محمد مشتاق مانگٹ صاحب نے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نہ صرف طلبہ و طالبات کو زیور تعلیم سے آراستہ کر رہا ہے۔ بلکہ غزالی فورم کے پلیٹ فارم سے امہ کو درپیش مسائل اور ان کا حل ڈھونڈنے کے لیے دانشوارنِ عصر حاضر کو دعوت سخن دیتا رہتا ہے۔ گویا یہ غزالی فورم ملک و قوم کے لیے تھنک ٹینک کا فریضہ بھی سرانجام دے رہا ہے۔ امیر جماعت اسلامی قاضی حسین احمد صاحب نے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ روشن خیالی کے اس گھٹا ٹوپ اندھیرے میں علم کی شمع کو روشن کیے ہوئے ہے۔ آپ نے کہا کہ سامراجی اور استعماری طاقتیں اپنے ایجنٹوں کو مسلم امہ کی نوجوان نسل کو شیطانیت کے سانچے میں ڈھالنے کے لیے ڈالرز دے رہی ہیں۔ ان پر آشوب حالات میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جیسے اداروں کو ان کے سامنے ڈھال کا کردار ادا کرنا ہے۔

انہوں نے کہا کہ میں پیغام دیتا ہوں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے کارکنان اور اساتذہ کو کہ وہ اپنی جدوجہد کو تیز کریں تا کہ اسلامی معاشرہ تشکیل دینے میں معاونت مل سکے۔ آپ نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی لائف ممبر شپ بھی لی۔ آپ نے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نونہالان وطن کی نہ صرف تعلیمی ضروریات کو پورا کر رہا ہے بلکہ ان کو معاشرہ کا اچھا شہری بننے کا شعور بھی دے رہا ہے۔ آپ نے حاضرین سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ساتھ جدوجہد کرنے کا عہد لیا۔

پروگرام کے آخر میں آپ نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تعمیر و ترقی کے لیے دعا کی اور شرکاء سے تعلیمی جہاد میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سے مالی تعاون کی اپیل کی شرکاء نے نماز مغرب قاضی حسین احمد صاحب کی امامت میں ادا کی۔ اس طرح یہ پروقار تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔

معروف کالم نویس

## عرفان احمد صدیقی کا

### دختران اسلام اکیڈمی مری کا دورہ

روزنامہ نوائے وقت کے معروف کالم نگار عرفان احمد صدیقی نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر اہتمام ریجنل منیجر ز اور ڈسٹرکٹ منیجرز کی ٹریننگ ورکشاپس منعقدہ دختران اسلام اکیڈمی مری میں شرکاء ورکشاپ کے ساتھ خصوصی نشست کی جس میں ملکی حالات ٹیچر کا مقام اور دیگر اصلاحی امور زیر بحث آئے وقار احمد گوندل ریجنل منیجر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز سرگودھا نے عرفان احمد صدیقی کو خوش آمدید کہا اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا بنیادی تعارف کرایا، جناب عرفان احمد صدیقی نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے کام کو سراہا، عرفان احمد صدیقی نے غزالی کے ریجنل منیجرز اور ڈسٹرکٹ منیجرز کے سوالات کے تسلی بخش جوابات بھی دیئے، آخر میں ورکشاپ کوارڈینٹر ندیم اشرف باجوہ نے عرفان احمد صدیقی کا شکریہ ادا کیا۔

### جیوٹی وی کی ٹیم کی غزالی ہیڈ آفس آمد

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے چیئرمین اور ممبر قومی اسمبلی لیاقت بلوچ صاحب کے ساتھ جیوٹی وی کے معروف دانشور سیاسی تجزیہ نگار سہیل وڑائچ صاحب جیوٹی وی کے پروگرام ”ایک دن جیو کے ساتھ“ کی ریکارڈنگ کے لیے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس تشریف لائے۔ آپ کو غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں ڈاکومنٹری فلم کے ذریعے تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ سہیل وڑائچ نے ٹرسٹ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے پسماندہ دور دراز دیہاتوں کو علم کا نور دینے میں ٹرسٹ کا کردار قابل تحسین ہے۔

# Iftar Dinner

An Iftar Dinner was hosted by Ghazali Education Trust (GET) on September 29, 2006 at Head Office. The chief guest was Qazi Hussain Ahmad, President Mutahidda Majlis-e-Amal Pakistan. Syed Waqas Jafri; Secretary General GET presented a brief report of the achievements of the trust in the last year. Addressing to the participants, Qazi Hussain Ahmad highly appreciated the noble cause of GET and stressed the participants to cooperate and support Ghazali Education Trust.

# Donation by UMT

Ghazali Education Trust runs eight schools in earthquake areas where more than one thousand children are getting free education including the provision of uniforms, bags, shoes etc. School of Economics, University of Management and Technology (UMT) has donated school bags for the students of earthquake areas. A ceremony was held in UMT and Dr.Tashfain Mehmood, Director School of Economics handed over the bags to the Executive Director Ghazali Education Trust Aamir Mehmood Cheema. Ghazali Education Trust highly appreciates this effort of UMT to provide education to orphan and needy students.

# Excellent results of GCW Lahore

The students of Ghazali College for Women (GCW) showed excellent results in recent B.A examination. GCW was among the four colleges showing 100% results in BA.Mian Imran Masood, Education Minster Punjab congratulated GET on this remarkable success saying that Ghazali Education Trust is playing a pivotal role in making Pakistan 100% literate.

## Dr.Ishtiaq Gondal's visit to Kuwait and Bahrain

President GET Dr.Ishtiaq Ahmed Gondal was invited by different organizations in Kuwait and Behrain.He introduced and briefed the noble cause of GET among Pakistani community in Kuwait and Bahrain. Different individuals and organizations have assured the President of their cooperation.

# Visits

### *Visit of Executive Director ICNA Relief*

The Executive Director ICNA Relief Canada, Mr.Fazal-ur-Rehman, visited GET Head Office. He highly appreciated the performance of GET while meeting Syed Waqas Jafri, Secretary General Ghazali Education Trust. He assured that ICNA Relief Canada will continue to support Ghazali Education Trust in promoting education in far off rural areas.

The Secretary General admired ICNA Relief Canada for supporting GET in different projects.

### *Visit of Chief Coordinator Helping Hand USA*

Shahid Hayat, Chief Coordinator Helping Hand USA visited GET Head Office. He appreciated the performance of Ghazali Education Trust during a meeting with Secretary General, Syed Waqas Jafri. He visited different departments of GET. He showed deep interest in Research and Development Department. He said that today there is dire need to design new curriculum having a beautiful blend of our traditional values and modern techniques.

### *Visit of Ex Chief Secretary Punjab*

Mehar Jeevan Khan Ex. Chief Secretary Punjab visited Ghazali Education Trust Head Office in Lahore. M. Mshtaq Ahmad Mangat briefed him about the progress of GET in the last year.Mehar Jeevan Khan congratulated all the management for rendering out such an outstanding performance. He also appreciated Trust to educate orphan and needy students.

### *Radio Ramadhan Glasgow*

Radio Ramadhan Glasgow is playing a vital role in mobilizing local community for the issues of social, moral and cultural importance. With the generous and nice cooperation of RRG Ghazali Education Trust is running a full fledged high school in Banian (District Battgram NWFP) where all educational needs of more than 300 boys and girls are being provided on free of cost basis. Syed Waqas Jafri, President Ghazali Education Trust has lauded the support of Radio Ramadhan Glasgow. It is worth to be mentioned here that Ghazali Education Trust has opened nine schools in earthquake hit areas where more than 1000 students are getting free education. Books, uniform, school bags, stationery and shoes are also being provided.

# Ghazali Excellence Award 2006

The students of Ghazali Education Trust (GET) schools have shown outstanding results in the annual examination. This excellent performance was due to the untiring efforts of dedicated and devoted teachers of GET. To pay a tribute to these teachers, a ceremony named Ghazali Excellence Award 2006 was held in Children Complex Library with the collaboration of Daily Jang. Dr.Ishtiaq Ahmed Gondal, President Ghazali Education Trust presided the program while the Chief Guest was Mian Imran Masood, Education Minister Punjab. Among other distinguished guests were Ch.Muhammad Shaukat MPA, Professor Zulfiqar Bora Hailley College Punjab University, Professor Malik Ahmad Sher Awan and Yabseen Khan Executive Director Dar-e-Arqam schools.The program was started with the recitation from Holy Quran. Secretary General GET presented a brief performance report of GET. He said that with the collaboration of its kind donors and partner organizations Ghazali Education Trust is now one of the largest networks of Pakistan working in rural areas. Now GET is providing quality education to more than 27000 in 268 schools of 27 districts of Pakistan. GET also extended its network in earthquake areas where nine schools have been opened and more than 1000 students are getting free education. Chief Guest Mian Imran Masood congratulated the students, staff and management of Ghazali Education Trust for showing such excellent results. Manager Pakistan Rural Education Program was awarded the "Best Manager" of the year. He said that the government is determined to bring a revolution in education. According to him the government is introducing new policies for improving the quality education in Pakistan. He assured that the Punjab government would fully support and cooperate with the institutions like GET. The Prizes and certificates were awarded to the students and teachers who rendered out excellent performance. Addressing to the participants of the program, Dr.Ishtiaq Ahmed Gondal attributed this marvelous achievement to the dedication and commitment with which the whole team of GET is working. He said that Ghazali Education Trust is playing an important role to wipe out illiteracy from Pakistan. He also stressed the Punjab Government to cooperate with the private sector in education field.


**Association For Academic Quality** ایسوسی ایشن فار اکیڈمک کوالٹی

نجی سکول سسٹمز کا مشترکہ علمی فورم

**قومی تعلیمی نصاب اور اسلامی نظریہ حیات کی روشنی میں لکھی گئی**

**Afaq آفاق آفاق ٹیکسٹ بکس**

ٹیکسٹ بکس — ٹیچرز ٹریننگ — تعلیمی رہنمائی

- مواد کی پیشکش جدید طریقہ تعلیم اور اسلامی تناظر میں
- بچوں کی نفسیات اور ذہنی سطح کے عین مطابق
- قومی امنگوں، ملی ثقافت اور روزمرہ زندگی سے مربوط
- طلباء میں غور وفکر اور تجزیاتی سوچ پیدا کرنے میں معاون
- اعلیٰ معیار اور ہم عصر سیریز کے مقابلے میں ارزاں
- معیاری اور بامقصد تعلیم کا نام

• ہیڈ آفس
796۔سی، فیصل ٹاؤن، لاہور فون: 042-5171090-5166406 فیکس: 5171089


کتب ادارہ کے مقرر کردہ ڈیلرز یا براہ راست ہم سے طلب کریں۔

• مارکیٹنگ اینڈ سیلز
سیکنڈ فلور کمپیوٹر ایس سنٹر، 3 کورٹ سٹریٹ، لوئر مال، لاہور فون: 042-7248070-7249659-7248259 فیکس: 7248259
• آفاق بک شاپ
110۔چیٹر جی روڈ، اردو بازار، لاہور فون: 042-7247585

# تصاویر کے آئینے میں



ایگزیکٹوڈائریکٹرغزالی ایجوکیشن ٹرسٹ عامر محمود چیمہ امیر جماعت اسلامی قاضی حسین احمد کوشیلڈ پیش کررہے ہیں۔




غزالی ایکسیلنس ایوارڈ کی تقریب میں ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل وزیر تعلیم میاں عمران مسعوداور عبدالرحمن کھڑے ہیں۔



یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی کے ڈاکٹر تاشفین محمود غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے وفد کو زلزلہ زدہ علاقوں میں قائم سکولز کے بچوں کے لیے سکول بیگز دے رہے ہیں۔



غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے چیئرمین لیاقت بلوچ، سیکریٹری جنرل مشتاق احمد مانگٹ اور کالج کے ڈائریکٹر عبدالسلام خطاب کرتے ہوئے۔




ہیلپنگ ہینڈ امریکہ کے کوآرڈینیٹر شاہد حیات غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کے دورہ کے موقع پر سید وقاص جعفری، شہید الحق ظفر اور افتخار شیخ کے ہمراہ



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹوڈائریکٹر عامر محمود چیمہ، جمشید علی خان زلزلہ زدہ علاقے میں UMT لاہور کی جانب سے عطیہ کیے گیے سکول بیگز تقسیم کرتے ہوئے



سوڈان کے ڈاکٹرز پر مشتمل وفد کی مرکز میں آمد اور اشتیاق گوندل اور مشتاق مانگٹ سے خصوصی ملاقات



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے اساتذہ کا تربیتی پروگرام



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز کے اساتذہ کا وزیر تعلیم میاں عمران مسعود کے ساتھ گروپ فوٹو



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول مرالی والہ ضلع گوجرانوالہ کے بچوں کا معلوماتی دورہ چڑیا گھر میں گروپ فوٹو